© rasailojaraid.com



# پیغامات

○ **عالم اسلام کے عظیم اسکالر حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی مدظلہ کا لکھنؤ (بھارت) سے خصوصی پیغام**

نامور عالم دین مولانا عبدالحق رح کی وفات حسرت آیات کی خبر سن کر بے حد دکھ ہوا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائیں۔ (آمین)

○ **جسٹس حضرت مولانا پیر محمد کرم شاہ الازھری، جج وفاقی شرعی عدالت حکومت پاکستان سابق چیئرمین رویت ہلال کمیٹی پاکستان**

حضرت مولانا کی رحلت پر دلی صدمہ ہوا۔ میری دلی تعزیت قبول کیجیے۔

○ **حضرت خواجہ محمد حمید الدین سیالوی سینیٹر، سجادہ نشین آستانہ عالیہ سیال شریف، امیر تحریک دعوتِ اسلامیہ پاکستان**

معروف و ممتاز مذہبی اسکالر مولانا عبدالحق رح کی رحلت ایک صدمہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی روح پر اپنی رحمتیں نازل فرمائیں (آمین)۔ ان کی رحلت ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔

○ **جناب میاں فضل حق، ناظمِ اعلیٰ مرکزی جمعیۃ اہلحدیث پاکستان**

حضرت مولانا عبدالحق صاحب رح کی رحلت پر دلی صدمہ ہوا۔ وہ پاکستان کے عظیم محبوب اور مقبول راہنما تھے۔ ان کی رحلت عظیم سانحہ ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائیں (آمین)۔

○ **حضرت مولانا محمد مکی حجازی مدظلہ مدرس مسجد الحرام مکۃ المکرمہ سعودی عرب**

حضرت نور اللہ مرقدہٗ جہاں محدث و مفسر تھے وہاں مسلکِ دیوبند کے احیاء کے لیے ایک عظیم ستون تھے اور افغانستان کے اس جہاد میں حضرت رح کا جس قدر حصہ ہے شاید کسی کو نصیب ہو۔ اس مردِ مجاہد نے بسترِ علالت پر بھی کفر کے خلاف ایک عظیم جنگ لڑی اور الحمدللہ روسیوں کا فرار اور اپنے جیالے مجاہدین کا استقرار دیکھ کر اس دارِ فانی سے عالمِ بقا کی طرف لوٹے۔ ع خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

○ **جناب محمد مسکین، ہانگ کانگ**

۸ ستمبر کو بذریعہ فون معلوم ہوا کہ حضرت شیخ الحدیث رح انتقال فرما گئے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

والدہ صاحبہ کا غم کیا کم تھا کہ یہ بھی سر پر آ گیا۔ خدا کی مرضی کے سامنے انسان بے بس ہے۔

○ **جناب سید محبوب علی شاہ متحدہ عرب امارات**

تلقینا نبأ وفاة والدکم فقیہ الامہ العلامہ شیخ الحدیث فضیلۃ الشیخ عبدالحق رح ولا یبعنا فی ھذا المصاب الا اننا تتفرع الی المولی عزوجل انہ یلھمکم وایانا جمیعا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الصبر... هنا جميع افراد رسرتی یقدموا التعزیة ویشارکونکم فی هذا المصاب

○ حضرت مولانا محمد فہیم مدظلہ،
امیر جمعیۃ اہل السنۃ والجماعت
دبی، متحدہ عرب امارات

حضرت کی وفات کی خبر ایک بجلی تھی جو دل پر گری۔ موجودہ ارتداد اور بے دینی کے دور میں ایسی برگزیدہ اور متبرک ہستیوں کا اٹھ جانا علامتِ قیامت سے ہے۔ سرخ روس کو دھکیلنا اور پے در پے شکست دینا حضرت شیخ الحدیثؒ کی حکمت و تدبر اور دعاؤں کا نتیجہ ہے اور افغانستان میں مخلص علماء، فضلاء، اور طلباء کی سرفروشی حضرت شیخؒ کے مجاہدانہ ترغیبات ہیں۔

## حضرت کی زندگی علم وتقویٰ سے مزین تھی

○ حضرت مولانا قاضی مظہر حسین مدظلہ
خلیفہ مجاز شیخ الاسلام مدنیؒ
وامیر تحریک خدام اہلسنّت والجماعت

حضرت مولانا عبدالحق صاحب شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ کی وفات باعثِ صدمہ ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ حق تعالیٰ مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس نصیب ہو آمین۔ حضرت مولاناؒ کی زندگی علم وتقویٰ سے مزین تھی۔ اب آپ (مولانا سمیع الحق) کی ذمہ داریاں بڑھ گئی ہیں۔ آپ کو اور ہم سب متوسلینِ دیوبند کو اتباعِ سنّت اور اتباعِ صحابہؓ اور حضور رحمۃ للعالمین خاتم النبیینؐ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفائے راشدینؓ امام الخلفاء حضرت ابوبکر صدیق حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان ذوالنورین اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی اتباع نصیب فرمائیں، فتنوں سے محفوظ رکھیں اور اہلسنت والجماعت کو ہر محاذ پر غلبہ عطا فرمائیں۔ آمین۔

## حضرت شیخ الحدیث بزرگوں کی یادگار تھے

○ شیخ الحدیث حضرت مولانا
علی محمد مدظلہ کبیروالہ

حضرت شیخ الحدیثؒ کی وفات حسرت آیات سے سخت صدمہ ہوا۔ حضرت مرحوم بزرگوں کی یادگار تھے۔ حق تعالیٰ حضرت مرحوم کو اپنے جوار خاص میں جگہ عطا فرمائیں۔ آمین

## مردِ حق ہونے کا حق ادا کیا

○ شیخ محمد اسلم، جوائنٹ سیکریٹری
پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن لائنز اسٹاف
یونین ایس ٹی آر

محترم حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ کی رحلت کا سن کر انتہائی دکھ و صدمہ ہوا۔ حضرت والا کی اسلامی خدمات کو زمانہ کبھی بھی فراموش نہیں کر سکے گا اور نہ ہی اب مولانا کا خلا پُر ہو سکے گا۔ مولانا مرحوم کی خدمات یوں تو ہر محاذ پر بے انتہا ہیں لیکن جمعیۃ علماءِ اسلام کے پلیٹ فارم پر آپ کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ آپ نے قومی اسمبلی میں واقعتاً مردِ حق ہونے کا حق پورا کر دکھایا۔

ہے وہی تیرے زمانے کا امام برحق
جو تجھے حاضر و موجود سے بیزار کرے
فتنۂ ملّت بیضا ہے امامت اسکی
جو مسلماں کو سلاطین کا پرستار کرے

© rasailojaraid.com